# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## جانچ برائے جماعت پنجم

**اسلامیات**

| رول نمبر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

نام ____________

سینٹر نمبر ____________

سینٹر کا نام ____________

سپرنٹنڈنٹ دستخط/مہر ____________

ہدایات:

۱۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دیے گئے طریقے سے مکمل سیاہ کرنا ہے۔ ●

۲۔ دائروں کو (شیڈ) بھرنے کے لیے کالے یا نیلے رنگ کا پین استعمال کریں۔

۳۔ جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

مقررہ وقت: ۴۵ | حصہ - الف | کل نمبر: ۳۰

(۱) اَلتَّحِيَّاتُ کے لفظی معنی ہیں

- O سب مالی عبادتیں
- O سب زبانی عبادتیں
- O سب بدنی عبادتیں
- O سب روحانی عبادتیں

(۲) نبی کریم ﷺ نے کس دن کو سب سے افضل دن قرار دیا ہے۔؟

- O منگل
- O بدھ
- O جمعرات
- O جمعہ

(۳) آیت الکرسی قرآن مجید کی کس سورۃ میں ہے؟

- O سورۃ الفاتحہ
- O سورۃ الرحمٰن
- O سورۃ البقرۃ
- O سورۃ آل عمران

(۴) "اے ہمارے رب" کے لیے عربی میں لفظ استعمال ہوتا ہے

- O رَبِّي
- O رَبُّکَ
- O رَبَّنَا
- O رَبُّهم

(۵) مدینہ منورہ سے بدر کا فاصلہ ہے

- O 130 کلومیٹر
- O 230 کلومیٹر
- O 330 کلومیٹر
- O 430 کلومیٹر

(۶) نبی کریم ﷺ کے ہم شکل صحابی تھے

- O حضرت مصعبؓ بن عمیر
- O حضرت عبداللہ بن جبیرؓ
- O حضرت عبداللہ بن مسعودؓ
- O حضرت ابوبکر صدیقؓ

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## جانچ برائے جماعت پنجم

### اسلامیات

| رول نمبر | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

(٧) غزوہ بدر میں 313 مسلمانوں نے کتنے کفار کو شکست دی تھی؟

O 1500

O 1200

O 1000

O 1300

(٨) عربی زبان میں حزب کے معنی ہیں

O دوست

O گروہ

O جلسہ

O جلوس

(٩) منافق کی تین بڑی نشانیوں میں سے ایک ہے

O وعدہ خلافی کرنا

O چوری کرنا

O نماز نہ پڑھنا

O نفرت کرنا

(١٠) بردباری سے مراد ہے

O جلد بازی سے کام لینا

O صبر وتحمل سے کام لینا

O بے صبری سے کام لینا

O غصے سے کام لینا

(١١) وعدے کی پابندی کرنے سے معاشرے میں فضا پیدا ہوتی ہے

O کفایت شعاری کی

O افراتفری کی

O اعتماد کی

O بداعتمادی کی

(١٢) احمد نے اسلم کا قصور معاف کر دیا۔ اسے کہتے ہیں

O ایفائے عہد

O عفوودرگزر

O ایثار

O رواداری

(١٣) "جب کسی کو غصہ آئے تو وہ وضو کرے" یہ ارشاد پاک ہے

O حضرت محمد ﷺ کا

O حضرت ابوبکر صدیقؓ کا

O حضرت عمرؓ کا

O حضرت علیؓ کا

(١٤) پوری دنیا کے مسلمانوں کے آپس میں اتحاد کی وجہ ہے

O رنگ

O نسل

O زبان

O اخوت

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## جانچ برائے جماعت پنجم

**اسلامیات**

| رول نمبر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

(۱۵) صلح حدیبیہ تاریخ اسلام میں ایک عظیم مثال ہے

- O عفو درگزر کی
- O معاہدے کی پابندی کی
- O بردباری کی
- O دیانت داری کی

(۱۶) ہمارا دین ہمیں دوسروں کے ساتھ کس طرح کا سلوک کرنے کا درس دیتا ہے؟

- O مناسب
- O بہترین
- O جائز
- O عام

(۱۷) غزوہ خندق میں حضرت سلمان فارسیؓ نے مشورہ دیا تھا

- O مدینہ چھوڑنے کا
- O پہاڑ پر چڑھنے کا
- O خندق کھودنے کا
- O لڑائی نہ کرنے کا

(۱۸) طائف میں آپ ﷺ کو جب پتھر مار کر لہولہان کر دیا گیا تو آپ ﷺ نے کیا کیا؟

- O بدعا کی
- O دعا کی
- O خاموشی اختیار کی
- O بدلہ لے لیا

(۱۹) "دعا عبادت کا مغز ہے" یہ ہے

- O حدیث شریف
- O آیت شریف
- O عربی مقولہ
- O صحابی کا قول

(۲۰) نماز کی ہر رکعت میں پڑھی جانے والی سورت ہے

- O سورۃ الاخلاص
- O سورۃ الفلق
- O سورۃ الناس
- O سورۃ الفاتحہ

(۲۱) دنیا و آخرت کی کامیابی کس چیز سے ملتی ہے؟

- O زیادہ مال و دولت کمانے سے
- O خوبصورت مکانات بنانے سے
- O اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت سے
- O حکومت کرنے سے

(۲۲) دین اور اعمال صالح غذا ہے

- O روح کی
- O بدن کی
- O دماغ کی
- O دل کی

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## جانچ برائے جماعت پنجم

### اسلامیات

| رول نمبر | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

(۲۳) قرآن مجید کی رو سے کس کی زندگی مسلمانوں کے لیے بہترین نمونہ ہے۔؟

O حضرت محمد ﷺ کی

O حضرت موسیٰؑ کی

O حضرت عیسیٰؑ کی

O حضرت یوسفؑ کی

(۲۴) جمعہ کے دن کونسی سورت پڑھنا دجال کے فتنے سے محفوظ رکھتا ہے۔؟

O سورۃ واقعہ

O سورۃ الکہف

O سورۃ الاعلی

O سورۃ الانبیاء

(۲۵) غزوہ خندق کے موقع پر کس مقام پر حضرت محمد ﷺ نے اپنا خیمہ لگایا؟

O مسجد نبوی

O مسجد قبا

O مسجد فتح

O مسجد الحرام

(۲۶) قرآن مجید کی رو سے مسلمانوں پر ماہ رمضان کے روزے فرض کیے ہیں تا کہ

O وہ پرہیزگار بن جائیں۔

O وہ سچے بن جائیں ۔

O وہ دیانت دار بن جائیں۔

O وہ نمازی بن جائیں۔

(۲۷) عیدالاضحیٰ منائی جاتی ہے

O یکم شوال

O دس ذی الحجہ

O بارہ ربیع الاول

O دس محرم

(۲۸) کس غزوہ میں شامل تمام صحابہ کرامؓ کی اللہ تعالیٰ نے مغفرت کر دی؟

O غزوہ بدر

O غزوہ احد

O غزوہ خندق

O غزوہ تبوک

(۲۹) لَا اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ حصہ ہے

O قرآنی آیت کا

O حدیث شریف کا

O عربی مقولہ ہے

O صحابی کا قول ہے

(۳۰) نبی کریم ﷺ نے جب اسلام کی تبلیغ شروع کی تو اکثر لوگوں نے آپؐ کی

O حمایت کی۔

O مخالفت کی۔

O رہنمائی کی۔

O مدد کی۔

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## جانچ برائے جماعت پنجم

### اسلامیات

| رول نمبر | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

نام ______________

سینٹر نمبر ______________

سینٹر کا نام ______________

سپرنٹنڈنٹ دستخط/مہر ______________

ہدایات:

ا۔ ہر سوال کا جواب دینا ضروری ہے۔

2۔ جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھیں۔

3۔ سوال کا جواب دی گئی جگہ پر تحریر کریں۔

---

مقررہ وقت: ۷۵ | حصہ - ب | کل نمبر: ۴۵

---

سوال نمبر 1: درج ذیل خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پُر کریں۔ ۹

(i) صحیح تلفظ کے ساتھ قرآن کریم پڑھنے کے علم کو ......................... کہتے ہیں۔

(ii) انسانوں کی رہنمائی کے لیے اللہ تعالیٰ نے ......................... کو بھیجا۔

(iii) عیدین کی نمازیں ......................... یا کھلے میدان میں ادا کی جاتی ہیں۔

(iv) اللہ تعالیٰ کے آخری نبی کا نام ......................... ہے۔

(v) اَلْحَمْدُ کے لفظی معنی ......................... ہیں۔

(vi) جن دو یتیم بچوں نے مسجد نبویؐ کے لیے جگہ دی تھی اُن میں سے ایک کا نام ......................... تھا۔

(vii) ہجرت مدینہ کے دوران حضرت محمدؐ کی اونٹنی ......................... کے گھر کے پاس بیٹھ گئی۔

(viii) غزوہ خندق کا دوسرا نام ......................... ہے۔

(ix) جھوٹ بولنا ......................... کی نشانی ہے۔

**سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔**

سوال نمبر (i) نبی اکرمؐ نے جو عمل کر کے دکھایا، یا پسند فرمایا اُس کو کیا کہتے ہیں؟ 2

______________

______________

______________

سوال نمبر (ii) میثاق مدینہ سے اہل مدینہ کی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوئے۔؟ مختصراً بیان کریں۔ 2

______________

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## جانچ برائے جماعت پنجم

**اسلامیات**

| رول نمبر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

سوال نمبر (iii) مؤاخات سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے۔؟ 2

سوال نمبر (iv) حضرت عیسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیے گئے معجزات میں سے صرف دو تحریر کریں۔ 2

سوال نمبر (v) سیف اللہ کن صحابیؓ کا لقب ہے؟ 2

سوال نمبر (vi) حضرت حمزہؓ کو کس نے شہید کیا؟ 2

سوال نمبر (vii) غزوہ خندق میں شریک قبیلوں میں سے کسی دو کے نام تحریر کریں۔ 2

سوال نمبر (viii) اخوت سے کیا مراد ہے؟ 2

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## جانچ برائے جماعت پنجم

**اسلامیات**

| رول نمبر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

**نوٹ: درج ذیل سوالات کے مفصل جوابات تحریر کریں۔**

سوال نمبر 1: رمضان المبارک کے مہینے میں آپ کو نیکی کے کون کون سے مواقع ملتے ہیں؟ کوئی سے دو مواقع تحریر کریں۔ (4)

سوال نمبر 2: لیلۃ القدر رمضان المبارک کے کون سے عشرے میں ہوتی ہے؟ نیز قرآن مجید کی رو سے اس رات میں عبادت کی کیا فضیلت ہے؟ (4)

سوال نمبر 3: ذوالنورین کے کیا معنی ہیں اور یہ کن صحابیؓ کا لقب ہے؟ (4)

سوال نمبر 4: غزوہ بدر کے دو نتائج بیان کریں۔ (4)

سوال نمبر 5: روزمرہ زندگی میں آپ کیسے کفایت شعاری سے کام لیتے ہیں، کوئی دو مثالیں تحریر کریں۔ (4)

# حصہ ب کے نمبروں کی تخصیص

سوال نمبر 1: درج ذیل خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

| نمبر | جواب |
|---|---|
| (i) | تجوید |
| (ii) | انبیاء کرام |
| (iii) | عیدگاہ |
| (iv) | حضرت محمد ﷺ |
| (v) | سب تعریفیں |
| (vi) | سہلؓ اور سہیلؓ |
| (vii) | حضرت ابوایوب انصاریؓ |
| (viii) | غزوہ احزاب |
| (ix) | منافقت |

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر (i) نبی اکرمؐ نے جو عمل کر کے دکھایا، یا پسند فرمایا اُس کو کیا کہتے ہیں؟

| جواب | نمبر |
|---|---|
| نبی اکرم ﷺ نے جو عمل کر کے دکھایا یا پسند فرمایا اس کو سنت کہتے ہیں۔ | 2 |
| سنت | 1 |

سوال نمبر (ii) میثاق مدینہ سے اہل مدینہ کی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوئے۔؟

| جواب | نمبر |
|---|---|
| مسلمان اور غیر مسلم آپس میں اتفاق سے مدینہ میں رہنے لگے۔ مدینہ میں امن وامان قائم ہو گیا اور شہریوں میں اتحاد کی فضا قائم ہو گئی | 2 |
| اتفاق یا امن | 1 |

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## جانچ برائے جماعت پنجم

## اسلامیات

سوال نمبر (iii) مؤاخات سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے۔

| جواب | نمبر |
|---|---|
| مواخات سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ جب بھی ہمارے مسلمان بھائیوں پر مشکل وقت آئے تو ہمیں دل کھول کر اُن کی مدد کرنی چاہیے۔ | 2 |
| ایک جملے پر مشتمل جواب | 1 |

سوال نمبر (iv) حضرت عیسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیے گئے معجزات میں سے صرف دو تحریر کریں۔

| جواب | نمبر |
|---|---|
| (ا) آپؑ اللہ تعالیٰ کے حکم سے مردوں کو زندہ کر دیتے تھے۔<br>(ب) پیدائشی نابینا آدمی کو ہاتھ تو لگاتے تو اس کو بینائی مل جاتی۔ | 2 |
| (ا) دونوں میں سے کوئی ایک جواب۔ | 1 |

سوال نمبر (v) سیف اللہ کن صحابیؓ کا لقب ہے؟

| جواب | نمبر |
|---|---|
| سیف اللہ حضرت خالد بن ولیدؓ کا لقب ہے۔ | 2 |
| خالد بن ولیدؓ | 1 |

سوال نمبر (vi) حضرت حمزہؓ کو کس نے شہید کیا تھا؟

| جواب | نمبر |
|---|---|
| حضرت حمزہؓ کو وحشی نے شہید کیا تھا۔ | 2 |
| وحشی | 1 |

سوال نمبر (vii) غزوہ خندق میں شریک قبیلوں میں سے کسی دو کے نام تحریر کریں۔

| ممکنہ جوابات | نمبر |
|---|---|
| قریش، غطفان، بنومرہ، اشجع، سلیم اور بنواسد۔ | |
| اوپر دیے گئے میں سے دو قبیلوں کے نام | 2 |
| اوپر دیے گئے میں سے ایک قبیلے کا نام | 1 |

سوال نمبر(viii) اخوت سے کیا مراد ہے؟

| جواب | نمبر |
|---|---|
| اخوت سے مراد بھائی چارہ ہے۔ ہر کلمہ پڑھنے والا مسلمان دوسرے کلمہ پڑھنے والے مسلمان کا بھائی ہے۔ | 2 |
| اخوت سے مراد بھائی چارہ ہے۔ | 1 |

نوٹ: درج ذیل سوالات کے مفصل جوابات تحریر کریں۔

سوال نمبر1: رمضان المبارک کے مہینے میں آپ کو نیکی کے کون کون سے مواقع ملتے ہیں؟ کوئی سے دو مواقع تحریر کریں۔

| ممکنہ جوابات | نمبر |
|---|---|
| اس مہینے میں دوسروں کے ساتھ ہمدردی کرنے کا موقع ملتا ہے اور بھوکوں پیاسوں کی مدد کرنے کا، افطاری کرانے، تراویح پڑھنے اور دیگر عبادات کرنے کے مواقع ملتے ہیں۔ | |
| کوئی سے دو مواقع اور مکمل جملے | 4 |
| کوئی سے دو مواقع اور نامکمل جملے | 3 |
| کوئی سے دو مواقع ایک ہی لفظ میں | 2 |
| کوئی سا ایک موقع | 1 |

سوال نمبر2: لیلۃ القدر رمضان المبارک کے کون سے عشرے میں ہوتی ہے؟ نیز قرآن مجید کی رو سے اس رات میں عبادت کی فضیلت کیا ہے؟

| جواب | نمبر |
|---|---|
| لیلۃ القدر رمضان المبارک کے آخری عشرے میں ہوتی ہے۔ | 1 |
| اس رات کو عبادت کرنے کا ثواب ہزار مہینے کی عبادت سے زیادہ ہے۔ یہ رات طلوع فجر تک سلامتی ہے۔ | 3 |

سوال نمبر3: ذوالنورین کے کیا معنی ہیں اور یہ کن صحابیؓ کا لقب ہے؟

| جواب | نمبر |
|---|---|
| ذوالنورین کے معنی ہیں دو نوروں والا۔ | 2 |
| یہ حضرت عثمان غنیؓ کا لقب ہے۔ | 2 |

سوال نمبر 4: غزوہ بدر کے دو نتائج بیان کریں۔

| ممکنہ جوابات | نمبر |
|---|---|
| ا۔ کافروں کے دلوں میں مسلمانوں کا رعب بیٹھ گیا۔<br>۲۔ مسلمانوں کا اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد کا یقین ہو گیا۔<br>۳۔ غزوۂ بدر کے بعد لوگ جوق در جوق اسلام قبول کرنے لگے۔<br>۴۔ مسلمانوں نے جنگی قیدیوں سے اچھا سلوک کیا جس سے لوگ اسلام کی طرف مائل ہونے لگے۔<br>۵۔ کفار میدان جنگ میں بہت سا سامان چھوڑ کر بھاگے تھے اور وہ سامان مسلمانوں کے پاس مال غنیمت کے طور پر جمع ہو گیا جس سے مسلمانوں کی طاقت میں اضافہ ہو گیا۔ | |
| اوپر دیے گئے نتائج میں سے کوئی سے دو نتائج | 2 |

سوال نمبر 5: روزمرہ زندگی میں آپ کیسے کفایت شعاری سے کام لیتے ہیں؟

| ممکنہ جوابات | نمبر |
|---|---|
| ا۔ ہم اپنے گھر میں فالتو لائیٹس بجھا دیتے ہیں۔<br>۲۔ فضول خرچی سے پرہیز کرتے ہیں۔ اور بچت کرتے ہیں۔<br>۳۔ پانی کو ضائع ہونے سے بچاتے ہیں۔<br>۴۔ گیس ضرورت کے مطابق استعمال کرتے ہیں۔ | |
| اوپر دی گئی مثالوں کی طرح کوئی سی دو مثالیں پورے جملے کے ساتھ | 4 |
| اوپر دی گئی مثالوں کی طرح سے کوئی سی دو مثالیں نامکمل جملے کے ساتھ | 3 |
| کوئی سی ایک مثال پورے جملے کے ساتھ | 2 |
| اوپر دی گئی مثالوں کی طرح کوئی سی ایک مثال نامکمل جملے کے ساتھ | 1 |